صدری مجربات کا لاجواب خزانہ

# تحفۂ جمیل

مُرتّبہ

حکیم محمد عبدُالرّحیم جمیلؒ

پی ڈی ایف تیار کردہ: حکیم محمد ارشد شاہین لاہور

صدی مجربات کا لاجواب خزانہ

# تحفۂ جمیل

مرتبہ

حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؔ

مقام اشاعت

دفتر رسالہ طبیب حاذق گجرات مغربی پاکستان

# نذر

میں نہایت خلوص کے ساتھ
اس بے بہا تحفہ حاملین فن
کی خدمت میں پیش کرنے کا
فخر حاصل کرتا ہوں۔

نیاز مند
جمیل

پی ڈی ایف تیار کردہ: حکیم محمد ارشد شاہین لاہور
+92-323-4422244

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

# تعارف

تحفہ جمیل ایک نہایت مختصر سی پاکٹ جو بطور نمونہ میں اپنے احباب کرام کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں واقعی ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کی نظیر طبی دنیا میں ملنا محال نہیں بلکہ ناممکن ہے۔

میرے احباب اور ان اطباء کرام نے جو میری بخل شکنی کے قائل ہوئے مختلف اوقات میں اپنے مصدقہ و معمولیہ صدری مجربات بطور تحفہ پیش کئے جن کو ایک جگہ جمع کر کے آج ایک گلدستہ کی شکل میں آپ کی نذر کرتا ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ میری اس قربانی میرے ایثار اور بخل شکنی کی داد دیں گے۔ اور کم از کم اپنے مطب کا ایک نسخہ جو سو فی صدی مجرب ہو۔ عطا فرماویں گے۔ تاکہ اسی کتاب کا آئندہ ایڈیشن بیش قیمت اضافہ کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش کروں۔ کیا میں اس کے جواب میں آپ کی طرف سے کچھ توقع رکھوں

حکیم محمد 03007444904

طبع سوئم ۱۹۶۱ء

Date of publication : 1961

قیمت فی جلد دو روپے

پی ڈی ایف تیار کردہ
حکیم محمد ارشد شاہین لاہور

حکیم محمد عبدالرحیم جمیل نے پنجاب الیکٹرک پریس گجرات سے طبع کروا کر دفتر رسالہ طبیب حاذق سے شائع کیا

# (۱) اکسیر لاثانی

**اجزاء و ترکیب ساخت:-** سورنجان شیریں ۲ ماشہ۔ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ ریوند خطائی ۲ ماشہ۔ ماشر کنیا ۲ رتی۔ ملد نیا ۴ رتی۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ شنگرف پارہ والا ایک صد آتشہ ۳ ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ کشتہ شنگرف ۴ ماشہ۔ سب کو ملا کر خوب کھرل کریں کہ مانند سرمہ ہو جائے۔ بعد ازاں گولیاں شہد کی مدد سے بقدر دانہ موٹھ بنائی جائیں۔

**فوائد:-** اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ پہلی خوراک ہی سے نمایاں اثر دکھانے والی اکسیر ہے۔ دارالعلاج میں یہی دوا چالیس گولیوں کی شیشی دس روپیہ میں فروخت ہو کر دھڑا دھڑ بک رہی ہے۔ مگر ہم نے بخل شکنی کی زندہ مثال قائم کرنے کی خاطر ہزار دقتوں سے حاصل کر کے آپ کی نذر کر دیا ہے۔

**ترکیب استعمال:-** ایک گولی صبح و شام بعد از غذا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ اس کے ساتھ کم از کم ایک چھٹانک گھی اور ۲ سیر دودھ روزانہ استعمال کریں۔

# طلائے اکسیری

دوا خانہ دار العلاج کا مقبول عام نسخہ جس نے طبی دنیا کو محو حیرت کر دیا ہے کیونکہ اپنے فوائد میں اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔

اجزاء ترکیب ساخت:- شیر مدار ۳ پاؤ۔ سم الفار تولہ۔ میٹھا تیلیہ تولہ۔ مینسل تولہ۔ گندھک آملہ سار تولہ۔ شنگرف تولہ۔ سیماب تولہ۔ ہڑتال ورقی تولہ۔ برادہ کچلہ تولہ

اول کپڑا کھدر بقدر ½ گز لے کر اُس کو چار دفعہ شیر مدار سے تر و خشک کریں۔ باقی تمام ادویہ کو ایک پاؤ روغن گاؤ میں خوب کھرل کر کے یکجان کریں مگر کوئی ذرہ نظر نہ آئے پھر اس کو کپڑا مذکور پر لیپ کر کے روغن کنجد سے تر کر لیں۔ اور ایک سلاخ آہنی سے پکڑ کر ایک طرف آگ لگا دیں۔ کہ تمام کپڑا جل جاوے اور روغن نیچے ٹپک آئے چینی کے پیالے میں جمع کریں۔ روغن مذکور تولہ۔ کروٹن آئیل ۲ ماشہ۔ کاڈ لیور آئل ۳ ماشہ۔ ٹنکچر آیوڈین ۳ ماشہ ملا کر رکھیں تیار ہے۔

**فوائد:**- مخلوق کے لیے تریاق کامل ہر قسم کی کجی۔ لاغری کوتاہی کو صرف ایک ہفتہ میں دور کرتا ہے۔ سوائے مادر زاد نامرد کے ہر قسم کی کمزوری کو نافع ہے اس کی آزمائش پر آپ اس کو لاکھوں طلاؤں سے بہتر پائیں گے یہ دوا ہزارہا مریضوں سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے۔ دار العلاج میں ہر وقت تیار رہتا ہے

**ترکیب استعمال:**- بقدر ۵ قطرہ روزانہ مالش کریں کہ جذب ہو جائے حشفہ سیون بچائیں۔

صبح نیم گرم پانی سے خوب مل کر دھو دیں۔ طلا لگانے سے پہلے عضو مخصوص کو

صابن اور گرم پانی سے دھو کر کھدر کے کپڑا سے خوب صاف کر لیں تاکہ مسامات صاف ہو جاویں۔ جب نہایت باریک پھنسیاں برآمد ہوں۔ روغن گاؤ لگا دیں۔

# تریاق چشم (۳)

یہ اکسیر و بینظیر سرمہ جملہ امراض چشم کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے۔ یہ فوری اثر دکھانے والا بے نظیر سرمہ مجھے ایک سنیاسی سے بہزار دقت حاصل ہوا ایک ہفتہ میں تمام امراض چشم۔ مثلاً۔ دھند۔ غبار۔ جالا۔ ربد۔ ککرے۔ پڑبال۔ غرضیکہ تمام امراض چشم کا اکسیری علاج ہے۔ وہ ککرے جو اپریشن کرنے سے بچ رہ گئے ہوں۔ اس کے استعمال سے انشاء اللہ رفع ہو جاتے ہیں۔ لطف یہ کہ بنانے میں آسان۔ کم خرچ اور میرا معمول مطب نسخہ ہے۔ یہی نسخہ پانچ روپیہ تولہ فروخت ہوتا ہے۔ مگر آپ کی خاطر درج کر دیا جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :- نمک سفید۔ کف دریا ۱ تولہ۔ سرنج سفید تولہ۔ نوشادر تولہ۔ سپید چینی تولہ۔ فلفل دراز تولہ۔ کشتہ جست ۲ تولہ کو علیحدہ علیحدہ مانند سرمہ بنا کر یکجان کر کے بارہ گھنٹہ متواتر کھرل کریں۔

فوائد :- جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر کامل ہے۔ آزمائش پر آپ اس کو ہزارہا سرموں سے مفید پائیں گے

ترکیب استعمال :- دو سلائی رات کو سوتے وقت لگاویں۔

## (۴) پائیوریّن

پائیوریا۔ ماسخورہ جیسی نامراد مرض کے لیۓ اکسیر اعظم دوا ہے۔ میرے ایک نہایت کرم فرما حکیم صاحب نے ازراہ کرم یہ نسخہ مجھے عنایت فرمایا۔ جس کے بعد میں نے کئی سو مریضوں پر اس کو آزما کر مفید پایا۔ ماسخورہ۔ دانتوں کو پانی لگنا۔ دانتوں کا ہلنا وغیرہ کو دور کر کے دانتوں کو سفید مانند براق کرتا ہے۔ لطف یہ کہ درد دانت کو فوراً بند کر دیتا ہے۔ یہ وہی نسخہ ہے جس کے لئے ڈاکٹروں نے ایک ہزار روپے انعام مقرر کیا مگر حاصل نہ کر سکے آج آپ کی خاطر حاضر ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ برگ شاہترہ۔ بھنگ مدار دونو کو سایہ میں خشک کر کے علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر ملا لیں۔

سفوف مذکورہ ۲ تولہ۔ نیلہ تھوتھا بریاں ۲ ماشہ۔ آردبنہ ق ہندی تولہ کشتہ سنگ جراحت تولہ (کنوار گندل میں کیا ہوا) ملا کر سفوف بنا دیں

ترکیب استعمال :۔ انگلی سے دانتوں پر لگا دیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ کر رال ٹپکا دیں۔ دو گھنٹہ کے بعد کلی کر دیں۔

## (۵) جریانول

جریان جیسی نامراد مرض کے لئے اکسیر کامل۔ کمال درجہ کی مفید اکسیری اثر رکھنے والی اور شب و روز کے تجربہ کی چیز ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے جریان

وسرعت کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔ علاوہ ازیں پہلے درجہ کا مغلظ و مہی بھی ہے اور کمزوری سے پیدا شدہ جملہ شکایت کا ازالہ کر دیتا ہے۔ طاقت بدنی کو بڑھاتا ہے۔ منی با افراط پیدا کرتا اور اس کو گاڑھا کرتا ہے۔ رنگ بدن کو نکھارتا اور فربہ سرخ و سفید بناتا ہے۔

جریان و سیلان منی۔ رقت۔ سرعت۔ احتلام۔ ضعف اعضاء رئیسہ ذکاوت حس کے لئے تریاق کامل ہے۔ علاوہ ازیں سلسل البول کو نافع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ قلعی تولہ پارہ تولہ۔ دونوں کو چلبند کریں (قلعی کو پگھلا کر پارہ کے ہمراہ شامل کریں) اس میں سفیدہ کاشغری ۲ تولہ شامل کرکے اس قدر کھرل کریں کہ مانند غبار ہو جائے۔ سفوف مذکور تولہ۔ بیروزہ مدبر ۳ تولہ رال ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۱۰ تولہ سب کو ملا کر مانند سرمہ کرلیں۔

فوائد:۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ذکاوت حس۔ سلسل البول کو مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ گاؤ نصف سیر اس کے بعد ایک چھٹانک مکھن کھلاویں

---

# (۶۱) بنجارین

کئی مشہور طبیب اور کئی دواساز کمپنیاں اس دوا کی بدولت ہزارہا روپے کما رہی ہیں یہ نسخہ میرے ایک نہایت کرم فرما ڈاکٹر صاحب نے مجھے عطا فرمایا اور ساتھ ہی اس کے تجربات کا مشاہدہ کرایا۔ واقعی ہر قسم کے بنجار کے لئے تریاق

کامل کا حکم رکھتا ہے۔ پہلی خوراک سے ملیریا وغیرہ کو دور کرنے والی اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ جہاں آزمایا سو فیصدی کامیابی ہوئی۔ ملیریا کے لئے اس سے بڑھ کر نسخہ ملنا محال ہے۔ آج تک سینہ میں بند تھا۔ مگر آج نذر ناظرین ہے۔ کاغذ پر رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے۔ نسخہ انگریزی ہے مگر فوائد میں عجیب تر ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:۔** کونین ہائیڈروکلورائیڈ ایک ڈرام۔ پوٹاسیم کلوراس ½ ڈرام۔ ڈائیلیوٹ ہائیڈروکلورک ۲ ڈرام۔ ٹنکچر کلوروفارم ۲ ڈرام۔ لائیکوار آرسنی کیلس ۴۸ بوند۔ ٹنکچر کارڈیم ½ ڈرام پھٹکڑی ½ ڈرام۔ عرق کافور ایک بوتل ملا کر رکھیں۔

**فوائد:۔** ہر قسم کے بخاروں کا شرطیہ علاج ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ½ سے ایک ڈرام ہر تین گھنٹہ کے بعد دیں

# ترکیب عرق کافور

پانی کشیدہ شدہ ایک بوتل۔ کافور تولہ پوٹلی بنا کر اس میں ڈال دیں۔ ہر گھنٹہ کے بعد ایک دفعہ زور سے ہلا دیں۔ چوبیس گھنٹہ تک تیار ہو گا۔ نہایت مفرح مسکن اور مقوی قلب ہے۔

# خنازیری (۷)

خنازیر جیسی نامراد مرض کے لئے تریاق اعظم کا حکم رکھنے والی اکسیری دواء جس کا بیس یوم کا استعمال خنازیر کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔ اگر خنازیر بہتی ہوں

تو مرہم مذکورہ اوپر لگا دیں۔ اور کھانے کے لئے یہ دوا دیں۔ انشاء اللہ حکمی فائدہ ہوگا۔ میرا آزمودہ نسخہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:۔** رب چرائتہ ۱ تولہ۔ رب عشبہ ۱ تولہ۔ آرد بندق ہندی ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ آیوڈائیڈ آف آئرن ½ اونس سب کو ملا کر حبوب بمقدار نخود بنا دیں۔

**فوائد:۔** خنازیر کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** عشبہ ۳ پاؤ۔ چوب چینی ۳ پاؤ۔ الائچی کلاں آدھ سیر ۲ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ڈیڑھ سیر پانی رہ جائے۔ دو بوتل میں چھان کر رکھیں۔

خوراک:۔ ۲ تولہ صبح و شام کے ہمراہ ایک گولی کھلائیں۔

## مرہم

گرگٹ ایک عدد۔ نیلہ تھوتھا ۲ ماشہ۔ شنگرف ۲ ماشہ۔ موم ۲ ماشہ۔ عرق پیاز ۲ تولہ۔ روغن زرد ۴ تولہ اوّل گرگٹ کے سر و پاؤں کاٹ کر روغن میں جلائیں۔ بعد ازاں دوسری ادویات باریک کر کے یکجان کریں۔ سرد ہونے پر پانی سے دھو کر محفوظ رکھیں۔ زخموں پر لگا دیں۔

---

## (۸) راحتی

ہر قسم کے دمہ۔ کھانسی۔ نزلہ و زکام کو دور کرتی ہے۔ قاطع بلغم ہے۔ امراض

سینہ کے لئے تریاق ہے۔ سل کو دفع کر کے کمزوری کو رفع کرتی ہے۔ اس کے موجد نے لاکھوں روپیہ صرف اس کی بدولت کمایا۔ اس کی پہلی خوراک کھانسی کو رفع کر دیتی ہے۔ بچوں۔ بوڑھوں اور عورتوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ پرانے نزلہ و زکام کو دور کرتی ہے۔ غرضیکہ ان امراض کا تریاق کہا جائے تو بجا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:- زوفا خشک ۱۰ تولہ۔ گل بانسہ ۱۵ تولہ بنفشہ ۵ تولہ انجیر زرد ۷ تولہ۔ مویز منقی ۵ تولہ۔ پوست خشخاش۔ اصل السوس ۱۰ تولہ۔ پرسیاؤشاں ۵ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ تمام ادویات نصف بے کر ۵ سیر پانی میں بھگو کر دو بوتل عرق کشید کریں۔ اس عرق میں نصف ادویہ ڈال کر ایک بوتل عرق کشید کریں (عرق مذکور ۳ پاؤ) مصری ۳ پاؤ) کیلسیم ہائپو فاسفیٹ ایک اونس، کیلسیم لکٹیٹ ایک اونس۔ ایکسٹریکٹ گلیسرائزا لیکویڈ ڈیڑھ اونس۔ ہیروین ہائیڈرو کلورائیڈ ایک ڈرام۔ روغن سونف ایک ڈرام۔ گلیسرین ½ پونڈ ملا کر رکھیں۔

فوائد:- کھانسی۔ نزلہ و زکام کو پہلی خوراک ہی اثر دکھاتی ہے۔

ترکیب استعمال:- ۲ ماشہ پلا دیں۔ اگر دوسری خوراک کی ضرورت ہو چار گھنٹہ کے بعد دیں۔

نوٹ:- عرق مذکورہ اور مصری کا قوام درست کر کے دوا شامل کریں

# تریاق (۹)

یہ دوا اسم بامسمیٰ واقعی دردوں کے لئے تریاق کامل ہے۔ ذات الجنب دردکمر۔ درد پشت۔ درد اعصاب غرضیکہ کوئی درد ہو کسی وجہ سے ہو۔ فوری اثر دکھاتا

ہے۔ علاوہ ازیں پیچش۔ اسہال۔ نزلہ زکام کو دور کرنے اور ان کے لئے تریاق ہے۔ خراشدار دست۔ سنگرہنی۔ زحیر مزمن۔ دافع کھانسی گویا کہ اکسیر کامل ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت :۔** افیون خالص ۶ ماشہ۔ کافور دیسی ۶ ماشہ آرد بندق ہندی ۶ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر ماشہ کشتہ بارہ سنگھا ۲ تولہ۔ الیسپرین تولہ۔ علیحدہ علیحدہ مانند سرمہ کریں سب کو ملا کر سفوف بنالیں تریاق تیار ہے۔

**فوائد :۔** قابض۔ مسکن۔ منوم۔ دافع کھانسی حابس الدم اورام و اوجاع جملہ اقسام کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال :۔** ۲ رتی ہمراہ آب یا بدرقہ مناسبہ دیں

---

# جادو ۱۰۱

## جنون۔ مالیخولیا۔ اختناق الرحم۔ مراق کی لاثانی دوا

یہ دوا جنون۔ مالیخولیا اور کابوس۔ اوجاع عصبی کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتی ہے۔ جنون کے مریض کی حالت جب انتہا کو پہنچ چکی ہو۔ اور کوئی دوا کارگر نہ ہو۔ دوا اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ مریضان اختناق الرحم۔ صرع مراق کے لئے بلا مبالغہ ایک تحفہ کامل ہے۔ کثرت احتلام۔ سوزش۔ بے خوابی کو دور کر کے دماغی حالت کو درست کرتی ہے۔ اس کے موجد نے ہزارہا روپیہ صرف اس دوائی کی بدولت کمایا۔ اور موجد دوا جنون کے نام سے ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں

مشہور ہے۔ سنبل کو بالائے طاق رکھتے ہوئے سینہ کا یہ راز عرض کر دیا ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:۔** صندل سفید تولہ۔ جدوار تولہ۔ بادیان تولہ افیون ۶ ماشہ۔ ابریشم مقرض تولہ۔ تخم کاہو ۲ تولہ۔ بادرنجبویہ ۲ تولہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ سوا تولہ۔ سوڈیم برومائیڈ سوا تولہ ایمونیم برومائیڈ سوا تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک کریں اور سفوف بنا رکھیں۔

**فوائد:۔** جنون۔ مالیخولیا مراقی۔ توحش۔ ہذیان۔ بے چینی۔ سرسام۔ کابوس اختناق الرحم۔ کثرت احتلام۔ جریان۔ سُہر۔ ام الصبیان۔ صداع ہر قسم کے لئے تریاق کامل ہے۔ ایک دفعہ کا تجربہ آپ کو گرویدہ کر دیگا۔

**ترکیب استعمال:۔** ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ پانی یا بدرقہ مناسبہ دیں۔

---

# (۱۱) گونورول

## سوزاک کی اکسیر لاثانی

سوزاک کی ہزارہا ادویات استعمال کرنے کے بعد ناکامیابی کا منہ دیکھنے والے حضرات اس اکسیر بے نظیر کا تجربہ کر کے اس کے لاثانی اثرات کا ملاحظہ ہو۔ پہلی خوراک سے جلن۔ ٹیس۔ درد وغیرہ کافور ہو جاتا ہے۔ لطف یہ کہ کسی قسم کی کمزوری بے چینی گھبراہٹ نہیں ہوتی۔ اس کے دوا کے موجد نے اس کی بدولت ہزاروں روپیہ حاصل کیا ہے۔ آزمائیں اور میری محنت کی داد دیں۔ وہ لوگ جو زیادہ مقدار میں دوا کھانا پسند نہیں کرتے۔ وہ نعمت خداداد سے فائدہ حاصل کریں۔ سوزاک

ہر حالت میں خواہ کہنہ ہو یا جدید بمبر لہ اکسیر ہے

ناظرین اگر ایک نسخہ کی ہی قیمت کا اندازہ لگائیں تو ایک سو روپیہ کوئی چیز نہیں ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ آب کیلہ ۲ سیر۔ شورہ قلمی ۳ تولہ ملا کر آگ پر رکھ پانی خشک کر لیں شورہ مدبر ہوگا۔

شورہ مدبر تولہ۔ کشتہ کوڑی نیلا تھوتھا والا تولہ۔ ست لوبان تولہ۔ دانہ الائچی سبز تولہ۔ پھٹکڑی سرخ بریاں تولہ۔ پوست بندق مہندی تولہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنا لیں۔

فوائد:۔ سوزاک نیا ہو یا پرانا ہر قسم کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ماشہ تین دفعہ دن میں ہمراہ روغن صندل تولہ۔ سپرٹ ریکٹیفائیڈ تولہ۔ ٹنکچر ہائیوسائمس تولہ۔ کلورل ہائیڈریٹ تولہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ تولہ۔ پانی ایک بوتل ملا کر خوب ہلا لیں۔ اس مرکب ۲½ تولہ کے ہمراہ ایک ماشہ دوا مذکورہ دن میں تین دفعہ دیں۔ ایک دن میں آرام ہوگا۔

## ترکیب کشتہ کوڑی نیلہ تھوتھا والا

کوڑی زرد ایک تولہ۔ نیلہ تھوتھا تولہ۔ ہلیلہ زنگی تولہ۔ ریوند چینی تولہ۔ سب کو یکجان آب لیموں سے کھرل کر کے خشک ہونے پر کوزہ میں کپڑ وٹی کر کے نصف سیر کی آگ دیں۔

# شفاء (۱۲)

## مستورات کی جملہ شکایات کا واحد علاج

بلا مبالغہ اکسیر نسواں یا تریاق نسواں کہنے کے قابل ایک اکسیری تحفہ ہے جو تمام امراض نسوانی کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ احتباس طمث۔ جریان الرحم سیلان الرحم۔ درد رحم۔ اختناق الرحم اور ان کے جملہ عوارضات کے لئے فی الواقع اکسیر کہا جائے تو بجا ہے۔ میں نے اس دوا کو جہاں استعمال کیا بفضل خدا سو فیصدی کامیابی ہو گئی۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دے کر بدن میں چستی و چالاکی پیدا کرتی ہے۔ آزمائیں اور دعا خیر سے یاد فرماویں

**اجزاء و ترکیب ساخت:**۔ گندھک (ڈنڈا) ۲½ تولہ۔ کالی زیری ۲½ تولہ۔ رسوت مصفےٰ ۱½ تولہ۔ ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا ۲ ماشہ سب کو ملا کر گولیاں بمقدار ۲ رتی بنا دیں۔

**فوائد:**۔ جملہ امراض نسوانی کے لئے تریاق کامل ہے۔

**ترکیب استعمال:**۔ ایک گولی صبح و شام بعد از غذا ہمراہ دودھ اگر طبیعت میں گرمی محسوس ہو دودھ دے سکتے ہیں۔

---

# طلسمین (۱۳)

## قبض کی لاثانی دوا

قبض ام الامراض شمار کی جاتی ہے۔ اس کے لئے ہزارہا ادویات کا تجربہ کیا

گیا۔ مگر کوئی نہ کوئی نقص ضرور پایا۔ کسی کی بدبو ناقابل برداشت۔ کسی سے پیچش کا خطرہ۔ کسی سے مروڑ اور قے کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔ کوئی گھبراہٹ پیدا کرتا ہے تو کوئی بے چینی کا موجب۔ ذیل کی دوا جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں۔ ان تمام عیوب سے مبرا اور لاثانی ہے۔ ہندوستان کا ایک مشہور دواخانہ قرص ملین کے نام سے اسی دوا کی بدولت بیحد مشہور ہو چکا ہے اور ہزاروں روپیہ کی فروخت ہو رہی ہے۔ مگر ناظرین کی خاطر بہ سبب کا راز پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ آپ اسے آزمائیں۔ اور بندہ کو دعا خیر سے یاد فرماویں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:۔** بنفشہ ۵ تولہ۔ بہیدانہ ۵ تولہ۔ سنا مکی ۵ تولہ۔ گلسرخ ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ جمال گوٹہ مدبر تولہ۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک سفوف کر کے ملا کر خوب کھرل کریں۔ اگر مناسب سمجھیں تو چار رتی کی گولیاں بنالیں۔

**فوائد:۔** اعلیٰ درجہ کی قبض کشا دوا ہے۔ جو بلا کسی تکلیف کے پاخانہ لاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱ رتی ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

---

# تریاق (۱۴)

## ضعف جگر۔ بھس۔ یرقان کی اکسیر پُر تاثیر!

یہ دوا ضعف جگر۔ بھس۔ یرقان کو دور کرتی ہے۔ اور جگر کی جملہ شکایات

کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ مدتوں کی شکایات کو چند یوم میں رفع کر دیتا ہے۔ پرانے جگری
انجاروں کے لئے ایک کامیاب دوا ہے۔ خون بے حد پیدا کرتا ہے چند یوم کے
استعمال سے رنگ مثل انار کر دیتا ہے۔ بدن میں چستی وچالاکی عود کرتی ہے۔ ڈھرکا
ضعف نام کو نہیں رہتا۔ وہ شکایات جو ضعف جگر کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہوں
سب کے لئے مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ایک تربوز کلاں وزنی ۸ سیر۔ الائچی سبز
۵ تولہ مجیٹھ ۵ تولہ۔ ہلیلہ ۲ تولہ۔ بلیلہ ۳ تولہ۔ آملہ ۳ تولہ۔ برادہ فولاد ۵ تولہ تمام ادویات
کو باریک کر کے تربوز کے ایک طرف سوراخ کر کے اس میں داخل کر دیں۔
اُس پر مٹی کا لیپ کر کے کسی گرم جگہ میں بیس یوم دفن کر دیں بعد ازاں نکال
کر ادویات معہ گودہ نکال کر خوب ہاتھ سے ملیں۔ یکجان ہو جانے پر کپڑے میں چھان
لیں جس قدر یہ عرق برآمد ہو۔ اُس میں دگنی نبات سفید ملا کر شربت درست
کر لیں۔ تیار ہے۔

فوائد :۔ ضعف جگر۔ بھس۔ یرقان۔ کمزوری۔ کمی خون وغیرہ کے لئے
اکسیر کامل کا حکم رکھتا ہے۔ رنگ کو سرخ و سفید کرتا ہے۔ تندرست و توانا کر کے
بدن میں پھرتی پیدا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال :۔ ایک تولہ روزانہ صبح چار تولہ پانی میں ملا کر پلا دیں۔ اگر
اس کے ہمراہ سفوف ذیل۔ تو سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

سفوف :۔ افسنتین ۲ تولہ۔ نوشادر ۳ تولہ۔ ریوند خطائی۔ شورہ قلمی
۲ تولہ۔ سوڈا بائی کارب ۴ تولہ۔ فرائی ایٹ کونین سائٹراس ۲½ سب کو ملا
رکھیں۔ ۲ ماشہ صبح ہمراہ شربت بالا دیں۔ یہ ایک اکسیر ہے جس کی آزمائش پر
آپ تعریف فرما دیں گے۔

# (۱۵) احمرین

## معدہ کی جملہ امراض کا حکمی علاج

یہ مختصر سہل الحصول نسخہ بھوک کے بڑھانے کے لئے بالخصوص اکسیر ہے - نہایت عمدہ مقوی معدہ اور ہاضم غذا ہے - ترش ڈکاروں کا آنا - بدہضمی دردپیچی - کمی اشتہاء - غرضیکہ امراض معدہ کا تریاق ہے - دائمی قبض - نفخ شکم کے لئے تو اکسیر ہے - بھوک بے حد بڑھاتی ہے - غذا منٹوں میں ہضم کرتی ہے - جو صاحب اس کو ایک دفعہ استعمال فرماویں گے - اس کے گرویدہ ہو جائیں -

**اجزاء و ترکیب ساخت:-** پوست ہلیلہ زرد تولہ - پوست بلیلہ - فلفل سیاہ تولہ - زنجبیل تولہ - نوشادر تولہ - نمک سیاہ تولہ - دانہ الائچی خورد تولہ - نمک ہندی تولہ - جوکھار تولہ - قلمی شورہ تولہ - زیرہ سفید تولہ - قرنفل ½ ۲ تولہ - ست پودینہ ½ تولہ - ست اجوائن ½ ۱ تولہ - تمام ادویات کو عرق لیموں ۲۰ تولہ میں کھرل کرکے سفوف بناویں - جب خشک ہو جائے - سوڈا بائیکارب ۱۰ تولہ - ملا کر سفوف بنا رکھیں -

**فوائد:-** جملہ امراض معدی کا تریاق ہے بھوک بڑھانے کے لئے بالخصوص مجرب ہیں - معدہ کو طاقتور بنا کر خواہش طعام پیدا کرتا ہے - چند روز کے استعمال سے امراض معدی کو فائدہ ہو جاتا ہے -

**ترکیب استعمال:-** بقدر چار رتی غذا کے بعد ہمراہ پانی استعمال کریں -

# (۱۶) بواسیری

یہ ایک اسراری اور تجربہ کا نسخہ جو ہر قسم کی بواسیر کا ایک کامل و مکمل علاج ہے نسخہ کیا ہے - ایک کامل و بے خطا دوا ہے - جو ہر قسم کی بواسیر کو چند یوم میں نیست و نابود کر دیتا ہے - بواسیر خونی ہو یا بادی اس کے استعمال سے انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے - جہاں جہاں اس نسخہ کو آزمایا گیا - بے حد مفید ثابت ہوا - کمال درجہ کی تعریف یہ ہے - کہ مسّے خود بخود خشک ہو جاتے ہیں - اور کسی قسم کی تکلیف نہیں رہی - ایک سنیاسی کا بتایا ہوا تحفہ ہے - جو ناظرین کی خاطر پیش کر دیتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :- گندھک آملہ سار مدبر تولہ - رسوت مدبر تولہ - آرد بندق ہندی تولہ جو کھار تولہ - مغز تخم نیم ۱/۲ تولہ - کشتہ سونا مکھی ۹ ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنا لیں

فوائد :- بواسیر کے لئے ایک تریاق کامل ہے جو بفضلہ تعالیٰ میرے مطب میں نوے فیصدی کامیاب ہے۔

ترکیب استعمال :- ہر رتی صبح ہمراہ مکھن یا بالائی روزانہ استعمال فرمادیں۔

# (۱۷) تریاق ذات الجنب

لاکھوں میں سے ایک قابل قدر تحفہ جو اس وقت تک کم از کم پانچسو مریضوں

پر آزمائش کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں - میرے ایک نہایت کرم فرما دوست کا عطیہ ہے - پسلی کی ہر قسم کی دردوں کے لئے اس سے بہتر چیز آپ کو نہیں مل سکتی - ذات الجنب ہو یا ذات الصدر - ذات العرض - مفوصہ ہو یا سرسام - نمونیہ ذات الریہ سب کو یکساں مفید ہے - سانس لینے سے تکلیف ہوتی ہو - مریض انتہائی تکلیف میں ہو - مگر یہ دوا دینے کے بعد سانس درست ہو جاتا ہے - نہایت مایوسی کی حالت میں پہلی سے مریض کو راحت محسوس ہو جاتی ہے - اس دوا کی جس قدر تعریف کی جائے بجا ہے - یہ نسخہ عرصہ سے میرے زیر تجربہ ہے - جس کی وجہ سے مشہور ہو چکا ہے - کہ نمونیہ کے لئے حکیم صاحب کو دعا ہے کہ جہاں پہنچ جائیں یہ مرض کافور ہو جاتا ہے - یہ صرف اسی نسخہ کی برکت ہے -

اجزاء و ترکیب ساخت :- افیون مصفے ۱ ماشہ - کشتہ پارہ سنگھاسہ آتشہ ۲ ماشہ - جو شیر مدار میں کھرل کرنے کے بعد تیار کیا گیا ، عطر گلاب ۳ ماشہ - فلفل دراز ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر گولیاں بقدر نخود بنالیں -

ترکیب افیون مصفے :- افیون بقدر ضرورت لے کر پانی میں گھول لیں اور کپڑے سے چھان کر بھاپ پر خشک کریں - یہ افیون مصفے ہے -

فوائد :- ذات الجنب - ذات الصدر - ذات الریہ - نمونیا کے لئے ماہی بے آب کی طرح تڑپتے ہوئے مریض کو بفضل خدا حیات نو بخشنے والی اکسیر ہے

ترکیب استعمال :- ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں -

# دُرِّ مکنون

مرگی (صرع) کے لئے ایک حیرت انگیز کمال فائدہ دینے والی لاثانی اکسیر ہے
بلا مبالغہ صرع کے لئے ایک تریاق کامل ہے۔ جہاں جہاں استعمال کرایا گیا ہے۔
آج تک دوبارہ شکایت نہیں ہوئی۔ یہ نسخہ میرے محترم دوست حکیم مولوی
غلام نبی صاحب حکیم حاذق نے کمال مہربانی سے عطا فرمایا۔ اس کے بعد میں نے
اس کو متعدد مریضوں پر آزمایا۔ بے خطا پایا۔ گویا یہ ایک قابل اخفا چیز ہے
مگر میں نے بخل جیسی نامراد مرض کا پردہ دل سے دور کر کے اس قلعہ زمین کو نہایت
بے دردی سے پاش پاش کر کے یہ تحفہ آپ کی خدمت پیش کیا ہے۔ آزمائیں۔
اور میرے حق میں دعائے خیر فرماویں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:۔** شداد خشک شدہ ۲۵ تولہ۔ سرگین گرگ (بھیڑیے
کا پاخانہ) ہر تولہ۔ آدمی کے سر کی کھوپری کی ہڈی ۲ تولہ۔ راکھ ٹکڑا کمبل (جو کھٹمل کے
خون میں خشک کیا گیا ہو جلا کر اس کی راکھ) تولہ سب کو ملا کر سفوف بنالیں تیار
ہے۔

**فوائد:۔** مرگی کا تریاق کامل اکسیر اعظم ہے۔ واقعی قابل اخفا تحفہ ہے۔
**ترکیب استعمال:۔** بقدر ایک رتی نسوار دیں۔ سات یوم صبح استعمال
کریں۔ شافی برحق اپنے فضل و کرم سے شفا کلی عنایت فرمائیں گے۔

# حب اعجاز (۱۹۱)

ہر مطب میں رہنے کے قابل اور لاجواب اکسیر جو سینکڑوں امراض کی واحد دوا ہے۔ میرے خاص مجربات میں سے ہر وقت مطب میں تیار رہنے والی اکسیر ہے۔ جہاں اس کو استعمال کیا گیا اکسیر سے کم نہ پایا۔ مطب کی رونق بڑھانے والی اکسیرات میں اس کا خاص درجہ ہے۔

متواتر تجربہ نے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ یہ دوا مطب کی زینت ہے۔ بڑے بڑے قیمتی نسخوں کو مات کرنے والی اکسیری گولیاں ہیں جو صاحب اس کو ایک دفعہ بنا کر تجربہ فرماویں گے اس کے گرویدہ ہو جائیں گے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:۔** گندھک آملہ سار تولہ۔ پارہ تولہ۔ شنگرف تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر تولہ۔ افیون تولہ۔ فلفل دراز تولہ۔ سہاگہ تولہ۔ مرچ سیاہ تولہ۔ قرنفل تولہ۔ جوز بوا تولہ۔ زعفران تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر ایک ہفتہ آب ادرک میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

**فوائد:۔** تمام امراض باردہ۔ فالج۔ لقوہ۔ تشنج کزاز۔ وجع کزاز۔ وجع المفاصل عرق النساء۔ گنٹھیا۔ سنداتِ۔ پرسوت کے لئے اکسیر ہے۔ ضیق النفس۔ پرانی کھانسی۔ اسہال معدی معوی۔ صرع۔ سکتہ۔ نزلہ و زکام۔ ہیچش۔ ضعف اشتہاء دوران سر۔ دافع انقلاب معدہ۔ دافع ریاح۔ تپ ہر قسم۔ ممسک مقوی باہ دافع جریان۔ سرعت۔ کثرت بول۔ غرضیکہ لائق طبیب اس کو مناسب بدرقہ سے ہر مرض پر استعمال کر کے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ایک گولی کسی مناسب عرق یا شربت سے دیدیں

چوبیس گھنٹہ میں دو گولی سے زیادہ نہ دیں

# (۲۰) پتھر توڑ

## پتھری۔ ریگ گردہ مثانہ کی لاثانی دواء

گردہ مثانہ کی پتھری کو بلا اپریشن خارج کرنے کے لئے اس سے بہتر چیز آجتک نہیں دیکھی گئی۔ سینکڑوں دفعہ کے استعمال کرنے کے بعد یہ چیز آج آپ کی خدمت میں پیش کی جارہی۔ ریگ کو خارج کرکے پتھری کو توڑ کر ریزہ ریزہ کرکے پیشاب کی راہ سے نکالنا اس کا ایک ادنےٰ کرشمہ ہے۔ میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب خوب کھل کر آتا ہے۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے پتھری ریگ خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں صاف کردیتی ہے۔ گویا یہ ایک اعجاز ہے۔ جو صرف معاونین طبیب حاذق کی خاطر سینہ سے نکال کر رکھا جارہا ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:۔** سنگ یہودہ ۵ تولہ۔ شورہ قلمی ۵ تولہ۔ کھار سرخ ۵ تولہ۔ سب کو آب مولی ایک سیر میں کھرل کرکے ۵ سیر کی آگ دیں۔ دوبارہ نکال کر نصف سیر پانی میں کھرل کرکے خشک ہونے پر آگ دیں۔ تیسری آگ ایک پاؤ پانی میں کھرل کرکے خشک ہونے پر آگ دیں۔ اسی طرح باقی چار آگ ایک پاؤ پانی میں کھرل کرکے دیتے جاویں۔ بعد نکال کر آب کیلہ ایک سیر میں ڈال کر پکادیں سنبھال کر رکھیں۔

اکسیر مذکورہ ۵ تولہ۔ کشتہ کانچ سفید ۱ تولہ۔ جوکھار ۳ تولہ۔ نمک برگ انگور ۲ تولہ نمک پوست خربوزہ ۲ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ ریوند چینی ۱ تولہ۔ سنگ ماہی ۲ تولہ سب کو

ملا کر باریک سفوف بنا لیں۔

## کشتہ کانچ

کانچ بقدر ضرورت لے کر آگ پر گرم کر کے مولی کے پانی میں بجھا دیئے جاویں بعد ازاں اسی پانی میں کھرل کر کے مولی کے نغدہ میں رکھ کر پانچ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں تیار ہے۔

فوائد:۔ گردہ۔ مثانہ کی ریگ پتھری کو پیشاب کی راہ سے خارج کرتا ہے

ترکیب استعمال:۔ ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا شربت مصری کے ساتھ دیں۔

## اکسیر اعظم

### ۲۴ چوبیس گھنٹہ میں نامردی کو دور کرنے والی سنیاسی اکسیر

بلا مبالغہ ایک لاجواب اکسیری تحفہ ہے۔ جس کی شان و فوائد کی ہم پلہ کوئی دوا ملنی ناممکن و محال ہے۔ ایک ہی خوراک سے طاقت کو انتہا درجہ پر پہنچا دینا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ عضو مخصوص کی طرف دوران خون کو تیز کرنا اس کا کام ہے۔ بدن میں چستی چالاکی پیدا کر کے غضب کی طاقت پیدا کرتی ہے۔ ایک خوراک میں ہی وہ اثر کرتی ہے۔ جو دوسری ادویہ کے مہینوں استعمال سے نہ ہو۔ یہ ہیں میرے اُس سنیاسی صاحب خاص کے الفاظ جو اس خاص اکسیری نسخہ کی تعریف میں مجھے لکھائے گئے۔

ناظرین کرام سے استدعا ہے کہ جو صاحب اس لاثانی تحفہ کو آزمائیں۔ دفتر کو اس کے نتیجہ سے اطلاع دیں۔ کیونکہ جس طرح میں نے بخل کو دور کر کے یہ تحفہ آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔ اسطرح آپ بھی اس کی آزمائش و نتائج سے مطلع فرمادیں۔ تاکہ دوسرے احباب مستفیض ہو سکیں۔

نسخہ کی تعریف۔ اجزا اور صاحب نسخہ کے الفاظ بیان تو اس امر کی شہادت دیتے ہیں۔ کہ واقعی یہ اکسیر اکسیر ہی ہوگی۔ باقی جو اللہ کو منظور ہے۔ آزمائیں فائدہ کی صورت میں دفتر کو مطلع فرمادیں مشکور ہوں گا۔

نسخہ مبارک یہ ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ بچھو سیاہ دکژدم) ۲ عدد۔ ہینگ (حلتیت) تولہ۔ سرکہ انگوری ۲ تولہ۔ حب بلسان تولہ۔ ہینگ کو سرکہ میں بھگو دیں۔ اور بچھوؤں کو جلا کر خاک بنالیں۔ اور تمام اجزاء کو باہم ملا کر شہد کی مدد سے تین گولیاں تیار کریں۔ اکسیر تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ مریض مایوس و نامرد۔ آلہ تناسل پررات کو گل کیسو ایک پاؤ کے پانی میں جوش دیکر باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ اور تمام جسم پر تیل کی مالش کر کے گرم پانی حسب برداشت کی دیگ میں بٹھاویں۔ جب پسینہ آجائے ایک گولی ہمراہ شربت بزوری ۵ تولہ۔ عرق خطمی ۵ تولہ۔ عرق خبازی ۵ تولہ کھلاویں بعد گرم کپڑے سے جسم کو ڈھانپ کر بیٹھا رہے۔ پیاس کے وقت مذکورہ بالا عرقیات و شربت پیئے۔ بارہ بجے کے قریب گندم کا موٹا دلیا پکا کر کھلاویں خلاق حسب مزاج احتیاط و تدابیر اختیار کریں۔

ایک گولی سے نامردی دور ہو گی۔ میرے ایک نہایت عزیز دوست نے ڈاکٹر محمد شفیع صاحب ضلع سیالکوٹ نے آزمانے کے بعد فرمایا ہے کہ نسخہ صحیح

ہے۔ ناظرین آزما کر اپنے تجربہ سے مطلع فرمادیں۔

# (۲۲) طلاء لاثانی

بیرونی شکایات کا قلع قمع کرنے والا بے نظیر طلاء ہے جس کا ایک دفعہ کا استعمال ہر قسم کے طلاؤں سے مستغنی کر دیتا ہے۔ ہر قسم کی کجی، لاغری، سستی، ٹیڑھاپن، رگوں کا ابھار وغیرہ کو دور کر کے عضو مخصوص میں طاقت پیدا کرتا ہے دوران خون کو عضو مخصوص کی طرف تیز کر کے شہوت اور تندی کو بڑھاتا ہے غرضیکہ اس دوا کا ایک دفعہ کا استعمال نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ ناظرین کی خاطر یہ سینہ کا راز پیش کرتا ہوں۔ قدر آپ کریں۔ آزمائش کے بعد وقت کو مطلع کرنا آپ کا فرض ہے۔ اُمید ہے کہ آپ اس فرض سے سبکدوش ہونے کی کوشش فرمادیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ سم الفار ۶ ماشہ۔ لونگ تولہ۔ جلوتری تولہ۔ جائفل تولہ۔ روغن کنجد تولہ۔ سب کو سرمہ کی طرح کھرل کر کے روغن کنجد ملا کر چوبیس گھنٹہ کھرل کر کے گرمیوں کے موسم میں ایک ماہ سردیوں کے موسم میں دو ماہ دھوپ میں رکھیں۔ یا ایسی جگہ پندرہ یوم دفن کر دیں جہاں بوتل مذکورہ کو گرمی پہنچتی رہے۔ پندرہ یوم کے بعد تیل صاف نتھار لیں۔

تیل مذکورہ تولہ۔ ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری ۲ رتی۔ چربی شیر تولہ۔ آیوڈین ۸ رتی۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۲ رتی۔ سب کو یکجان کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں

فوائد:۔ دنیا بھر کے طلاؤں کا سردار اور لاثانی و اکسیر تحفہ جو آزمائش کے

بعد نہایت کامیاب ثابت ہوا ہے۔

ترکیب استعمال :- بقدر ۳ رتی انگلی پر لگا کر مالش کر کے جذب کر دیں۔ اگر شہوت زیادہ ہو جائے۔ ٹخنوں پر ضرب لگا دیں۔ تاکہ رفع ہو جائے اوپر برگ پان باندھ دیں۔ کوئی بد قسمت ہو گا جس کو دوسری دفعہ استعمال کی ضرورت پڑے اگر ضرورت باقی رہے۔ پندرہ یوم کے بعد پھر استعمال کریں۔

نوٹ :- اگر کسی نسخہ کے متعلق کوئی بات دریافت مطلوب ہو میں حاضر ہوں جوابی کارڈ یا ٹکٹ ارسال فرما کر جواب طلب فرما دیں۔

# (۲۳) نسخہ مقوی باہ ممسک

از جناب حکیم سید غلام محی الدین صاحب

اجزاو ترکیب ساخت :- تودری سفید۔ تودری سرخ۔ سم الفار۔ شنگرف رومی ہر یک تولہ۔ پہلے تودرین کا باریک سفوف تیار کر کے علیحدہ رکھ لیں پھر سم الفار اور شنگرف دونوں کو خوب کھرل کریں۔ تاکہ شنگرف کی چمک باقی نہ رہے۔ آب افشردہ۔ برگ ارنڈ سرخ ½ پاؤ۔ اور آب کریلا سیر ایک پاؤ میں دونوں کو یہاں تک کھرل کریں کہ تمام پانی خشک ہو جائے۔ پھر سفوف تودرین ڈال کر باہم خوب آمیختہ کر کے کھرل کریں۔ تاکہ یکجان ہو جائیں اور بقدر نخود تیار کر کے ورق نقرہ یا طلا چڑھا لیں۔

ترکیب استعمال :- ایک گولی بوقت خواب ہمراہ شیر نیم گرم شیریں جس قدر پی سکیں۔ بحسب طاقت کم از کم گیاراں روز زیادہ سے زیادہ اکیس روز تک

فوائد:۔ مقوی باہ امساک لاتا ہے۔ اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ عجیب الفوائد مجرب ہے۔

## (۲۴) ٹانک پلز

از جناب حکیم محمد حسین صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ السیڈ آرسنک ۱/۲ گرین۔ اسٹرکینا سلفاس ۱/۲ گرین۔ فرائی ریڈ ٹکثم ایک گرین۔ اکسٹریکٹ ڈسیانہ ۱/۲ اگرین۔ گندھک ۱/۲ گرین۔ یوہمبین ۱/۲ اگرین۔ گولڈ مکورائیڈ آف سوڈیم ۱/۴ گرین۔ اکسٹریکٹ جنش حسب ضرورت یہ جملہ ادویہ ایک گولی کی مقدار لکھی گئی ہے۔ اسی مقدار سے ۴۰ گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی بعد از غذا ہمراہ شیر تازہ نیم گرم۔

فوائد:۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ محمر لون اور مصفیٰ خون ہے۔ درد مفاصل واستخوان کے درد کو دور کرتا ہے۔ ریڑھ کی ہڈی کو طاقت دیتا ہے۔ مقوی باہ جریان۔ احتلام۔ سستی۔ نامردی کو بدرجہ غایت نافع ہے۔

پرہیز:۔ غذا مرغن ہو۔ دودھ مکھن بہت استعمال کریں۔

## (۲۵) اکسیر جریان

از جناب حکیم محمد اسمٰعیل صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ موصلی سفید ۳ ماشہ۔ ثعلب مصری ۳ ماشہ

بیجبند گجراتی ۳ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ جلوتری ۳ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ نبات سفید تولہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔ اور افیون ۴ رتی محلول کر کے ادویہ ملائیں اور گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

**ترکیب استعمال**:۔ ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر گاؤ مادہ یک پاؤ

**فوائد**:۔ مقوی باہ اور سرعت رقت۔ کثرت احتلام کو مفید ہے۔

**پرہیز**:۔ غذا ہلکی۔ زود ہضم۔ پالک ٹینڈا شلجم۔ دال مونگ۔ دیر ہضم۔ بادہ انگیز۔ مرچ سرخ۔ اشیاء ترش وغیرہ سے پرہیز۔

## (۲۶) طلاء

**اجزاء و ترکیب ساخت**:۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ پھٹکڑی ۳ ماشہ۔ تخم جوز ماثل ۳ ماشہ۔ عقرقرحا ۵ ماشہ۔ شنگرف رومی ۳ ماشہ۔ کوٹ چھان کر روغن گاؤ مادہ ۱۰۱ مرتبہ دھو کر اس میں ملالیں اور محفوظ رکھیں۔

**طریق استعمال**:۔ رات کو بوقت خواب حشفہ و رگ زیرین کو چھوڑ کر طلاء لگادیں۔ اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں۔ صبح کھول کر آب گرم سے دھولیا کریں۔ جب چھوٹے چھوٹے دانے نمودار ہوں۔ ایک مرتبہ لگا کر بس کریں اور اوپر روغن چنبیلی ۳ ماشہ۔ مسکہ ۲ تولہ۔ جست ۳ ماشہ ملا کر لگادیں تا آنکہ بالکل صحت ہو جائے۔

**فوائد**:۔ سستی لاغری جڑ کا پتلا ہو جانا وغیرہ امراض عضو تناسل کو دور کر دیتا ہے۔ اور خوب خیزش لاتا ہے۔

پرہیز :- آب سرد، وہوا سرد سے دوران استعمال میں پرہیز رکھیں

# طاقت کی لاثانی دواء

از جناب حکیم امولک رام صاحب سیٹھی

اجزاء و ترکیب ساخت :- شنگرف ۲ تولہ، زعفران کشمیری تولہ، افیون تولہ ہر سہ ادویہ کو کوٹ کر باہم ملا لیں۔ اور ایک نارجیل میں چھید بند کر کے پر کر دیں۔ چھید بند کر کے نارجیل کے اوپر آرد ماش کا ضماد کر دیں۔ اور ایک سیر روغن گاؤ کڑاہی میں ڈال کر اس شہد خالص ۳ پاؤ ڈال کر جوشائیں۔ بعد ازاں نارجیل ڈال دیں۔ جب نارجیل بریاں ہو کر سرخ رنگ قریب سوختنی ہو جائے۔ کڑاہی نیچے اتار لیں۔ اور نارجیل نکال کر دواء اندر سے نکال لیں پیس کر باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

خوراک :- ۲ چاول در مسکہ یا بالائی علی الصباح - جو گھی کڑاہی میں باقی رہ گیا ہو۔ اس کا عضو تناسل پر طلا کریں۔

غذا :- مرغن زود ہضم

پرہیز - ترش - بادانگیز - تیل - گڑ - مرچ سرخ وغیرہ اشیاء سے پرہیز

فوائد :- قوت باہ بے حد پیدا کرتا ہے۔ اور امساک لاتا ہے - مجرب لاثانی ہے

# نسخہ طلاء

از جناب حکیم قمر الدین صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت :- شیر کی چربی - بیر بہوٹی - خراطین - خشک مصفی پچھناک مصفی - میٹھا تیلیہ - گھونگچی سفید - عقر قرحا - جند بیدستر - دارچینی - قرنفل - جلوتری مکد تولہ - زعفران ۳ ماشہ - اجوائن خراسانی - لہسن مقشر - سینگ - کافور بھیم سینی - چرم گوش انسان - سہاگہ خام - شنگرف کردہ ماشہ - پوست جڑ کنیر ۵ ماشہ چربی مینڈک کلاں ۳ ماشہ - جونک خشک ۷ ماشہ - بلاوہ ایک عدد - چربی سانڈہ ۲ ماشہ - چربی نیولا ۲ ماشہ - اشیاء کوفتنی کو کوٹ کر باریک کرکے جملہ چربیاں یکجان کرکے پگھلا کر سفوف ادویہ ڈال کر خوب ملالیں طریقہ امتحان کیلا پر ضماد کریں - اور دیکھیں - اگر کیلا سخت ہو جائے - تو فہوا المطلوب ورنہ دوسرے روز پھر کھرل کرکے کیلا پر ضماد کرکے دیکھیں علے ہذا القیاس جب آزمائش پر پورا اترے - بس تیار ہے -

# کشتہ تانبہ

اجزاء و ترکیب ساخت :- پیسہ شیر والا کو دس مرتبہ سرکہ میں تشویہ دیں - سم الفار سفید تولہ - شیر مدار ۵ تولہ میں کھرل کرکے دو قرص بنالیں پیسہ کے نیچے اوپر دونوں قرص رکھ کر کنیر سفید کے پھول تولہ ارد گرد رکھیں - پھر برگ کنیر کے نغدہ میں

رکھیں۔ پھر جوڑو پوست کنیر بقدر نیم پاؤ کا نغدہ بنا کر اس میں رکھدیں۔ اس پر سیاہ رنگ کا کپڑا بقدر سیر لپیٹ کر سمپٹ کرکے محفوظ از ہوا جگہ آگ دیویں انشاءاللہ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا

ترکیب استعمال :۔ جب پیاس ہو۔ دودھ ۲ سیر معہ دو غن زرد ایک پاؤ پاس رکھ لیں۔ بعد پیاس اس میں سے پیتے جائیں۔

ہفتہ بھر اس طرح کھلا کر بند کریں۔ اگر اس کشتہ کی گولیاں باندازہ ایک چاول بنالیں۔ پھر دو گولیاں مسکہ میں ملا کر کھلادیں۔ دو دن وقفہ کر کے پھر کھا کر پھر وقفہ کرلیں۔ اسی طرح تابوقت ضرورت کھلادیں۔ از حد مقوی باہ ہے۔

غذا مرغن روغن زرد بسیار بالخصوص بوقت شام پلاؤ مرغ بروغن زرد بسیار پکا کر کھاویں۔ باقی مضرات سے پرہیز۔

---

# مقوی باہ

از جناب حکیم سید ولی حسن شاہ صاحب

**اجزاء و ترکیب ساخت** :۔ خرمہرہ ۵ تولہ کو اکاس بیل بوٹی بقدر نیم سیر کا نغدہ بنا کر اس میں رکھ کر گلحکمت کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ برآمد سفید ہوگا۔

**ترکیب استعمال** :۔ ایک رتی مسکہ میں کھلاویں ہفتہ سے تا ۲۱ یوم

**فوائد** :۔ قوت باہ کا عجیب الاثر کم خرچ بالانشین نسخہ ہے۔ غذا لطیفہ زود ہضم اور مکھن زیادہ استعمال کریں

پرھیز :۔ تیل۔ ترشی قابض اشیاء سے پرہیز لازمی ہے

# مقوی باہ

## تجربہ شدہ

از جناب حکیم رحیم ڈنہ صاحب

**اجزاء وترکیب ساخت** :۔ سم الفار سفید تولہ۔ عرق گلاب ایک بوتل میں کھرل کریں۔ جب جملہ عرق جذب ہوجائے۔ تومال کنگنی ۱۰ تولہ۔ کوٹ کر ہمراہ سم الفار کھرل میں ڈال کر عرق گلاب قدرے ڈال کر کھرل کرکے حبوب بنالیں۔ جب خوب خشک ہوجائیں۔ تو بذریعہ پتال جنتر روغن نکال لیں

**ترکیب استعمال** :۔ مقدار ایک خط پتہ پان پر لگا کر کھائیں تا ۲۰ یوم

**فوائد** :۔ مقوی باہ از حد مقوی بدن و اعضاء رئیسہ ومجرلون مجرب المجرب ہے۔

**پرہیز** :۔ گھی بہت زیادہ کھاویں۔ دودھ پئیں بادانگیز ترش اشیاء سے پرہیز۔

# نسخہ پینس

ڈاکٹر و حکیم ایشر سنگھ صاحب

یہ ایک نامراد مرض ہے۔ ناک اور دماغ میں کیڑے مرجاتے ہیں۔ ناک بیٹھ جاتا ہے۔ تالو پھٹ جاتا ہے۔

**اجزا و ترکیب ساخت:۔** کسونجی جس کو کسوندی بھی کہتے ہیں ماہ اسوج یا کتک میں جب یہ بوٹی جوان ہو۔ اس کے پتے توڑ کر بغیر پانی ڈالے پانی نکالیں۔ اور بازار سے دیسی کاغذ جو پنجاب میں سن سے تیار کیا جاتا ہے۔ اور عدالتوں میں عام طور پر مستعمل ہے لاکر چار چار انگشت چوڑے اور آٹھ آٹھ انگشت لمبے ٹکڑے مقراض سے تراش کر اس سے رنگ لیں۔ جب پانی جذب ہو کر خشک ہو جاوے پھر رنگ لیں۔ رنگنے کا کام روئی وغیرہ سے کریں جب کاغذ بالکل ہو جائیں۔ تو ان کو مثل سگریٹ لپیٹ کر آخری حصہ کاغذ کا چپکا کر کے سگریٹ بنا کر رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:۔** ایک سگریٹ منہ میں رکھ کر سلگا کر کش لگائیں اور دھواں از راہ ناک خارج کریں۔

**فوائد:۔** سب کیڑے نکل آئیں گے اور فضولات دماغی سب خارج ہو جائیں گے۔ چند روز میں صحت ہوگی۔

**پرہیز:۔** ہوا سرد سے پرہیز رکھیں اور غذا نفیس کھائیں۔

# قطع مسّہ

از جناب حکیم کوی دیانند بھیم کرم چند صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ تانبے کا رکاب (رجوقلعی کیا ہوا نہ ہو) ایک تانبے کا لوٹا۔ سوت ½ چھٹانک۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ سم الفار تولہ۔ سکپور چاندی سکہ ایک چھٹانک تمام اجزاء کو تانبے کے تھال میں تانبے کے لوٹے میں ۲۸ پہر خوب گھوٹیں اور محفوظ رکھیں۔

طریقہ استعمال:۔ رات کو سوتے وقت دُم اسپ کا موٹا بال دو ایں لت پت کرکے سب مسّوں کو باندھ دیں۔ اور صبح وہ بال کھول دیں۔ ایک دو ہفتہ میں مسّے کٹ کر گر جائیں گے۔ بعد ازاں مرہم مندرجہ ذیل استعمال میں لائیں۔

مٹی کتھ مردار سنگ۔ دانہ الائچی خورد ہر یک چھ ماشہ۔ مکھن ½ چھٹانک (پانچ دفعہ شدہ کیا ہوا) بطریق معروف مرہم بنا دیں اور لگائیں

فوائد:۔ پھر کبھی بھی مسّے عود نہیں کرتے تجربہ شدہ ہے۔

# کالی کھانسی

از جناب حکیم پنڈت کندن لال اے شرما

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ تمباکو سیاہ کی ڈنڈیاں موٹی بمقدار انگلی اور نمک سفید صاف ہر دو تول مساوی الوزن۔ پہلے ڈنڈیوں کے ایک ایک انچ ٹکڑے کر

لیں اور مٹی کے کورے توے پر جلا کر کوئلہ بنا لیں۔ بعد ازاں کوئلوں میں نمک ملا کر چوبیس گھنٹہ کے اندر کوٹ چھان کر پارچہ بیز کر لیں۔ اور شیشی میں ڈال کر بحفاظت ڈاٹ لگا کر رکھ چھوڑیں۔

**طریقہ استعمال:۔** ایک پان پختہ دو عدد۔ الائچی سبز معہ پوست دونوں کو کوٹ کر تھوڑا پانی ڈال کر کپڑے میں سے چھان لیں پھر نیم گرم کر کے دوا بقدر ایک رتی سے ۴ رتی تک بلحاظ عمر اطفال شامل کر کے صبح و شام پلائیں۔

**فوائد:۔** کالی کھانسی کو جڑ سے اکھیڑنے والی چیز ہے۔

**پرہیز:۔** بلغم پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز۔ دودھ پیتے بچے کی ماں دوا استعمال کرے۔

---

# پیچش

جناب کریم الدین صاحب

**اجزاء و ترکیب ساخت:۔** تخم بارتنگ ۶ ماشہ عرق مکوہ ۱۱ ماشہ عرق بادیان ۱۱ ماشہ سب کو ملا کر جوشائیں۔ بعد ازاں خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر حل کر لیں۔

**ترکیب استعمال:۔** یہ ایک خوراک اسی طرح بنا کر تین چار مرتبہ متواتر استعمال کریں۔

**فوائد:۔** پیچش سدی یا غیر سدی کو دفع کرنے میں مجرب ہے۔

**پرہیز:۔** غذا دال مونگ مقشر اور چپاتی۔ ترشی۔ بادی۔ مرغن تیل وغیرہ مضرات سے پرہیز کریں۔

# ۲

اجزاء و ترکیب ساخت :- اسبغول ۶ ماشہ کو عرق بادیان ۱۱ ماشہ عرق گلاب ۱۱ ماشہ میں جوشائیں اور شربت نیلوفر ایک تولہ ملاکر پلائیں - یہ جملہ ادویہ ایک خوراک ہے - اسی طرح تا صحت پلاتے رہنے سے آرام آجاویگا -

فوائد :- حاملہ عورت کے پیچش کے لیے مجرب اور آزمودہ ہے پہلے ہی روز فائدہ معلوم ہو جائے گا - بالکل بے ضرر چیز ہے -

پرہیز :- غذا کھچڑی یا اور غذا موافق طبیعت مگر زود ہضم ہو - بادانگیز اشیاء تیل سے پرہیز لازمی ہے -

---

# (۱۴) رینگن

اجزاء و ترکیب ساخت :- ہلیلہ سیاہ سمد سخان شیریں - صبر زرد مساوی الوزن لے کر کاسنی کے پانی میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنالیں

ترکیب استعمال :- ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک بوقت خواب کو ہمراہ تازہ پانی کھلادیں -

فوائد :- عرق النساء یعنی رینگن کے لئے مجرب ہے -

---

# شعیرہ

از جناب حکیم یار محمد خاں صاحب

یہ ایک ورم سخت ہے جو آنکھ کے بالائی یا زیریں پپوٹے پر خارش ہو کر ایک سُرخ رنگ کی پھنسی ہو جاتی ہے۔

اس مرض میں ایک جونک مریض کی گردن کے بیچوں بیچ بالوں کے نیچے لگائی جاوے۔ دوسرے روز اس جگہ لگائی جاوے۔ بالکل صحت ہو جاوے گی۔ یہ عمل تجربہ شدہ اسراری ہے۔

---

## ۲

سفیدہ کاشغری پارچہ بیز کر کے شیشی میں رکھیں۔ بوقت ضرورت بوقت خواب بچے کی آنکھ میں ڈالیں اور صبح آہستہ آہستہ آنکھیں دھو ڈالیں فوراً آنکھیں کھل جائیں گی۔ ککرے خواہ کیسے ہی کیوں نہ ہوں۔ بالکل دور ہو جائیں گے

---

## ۳

رسوت مصفی پیس کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں ایک گولی سکہ میں صبح اور شام استقرار حمل سے لے کر تا وضع حمل تک متواتر کھلاویں۔

فوائد:۔ جن عورتوں کا ہمیشہ حمل گر جاتا ہو۔ اور انہیں اسقاط کی عادت پڑ گئی ہو۔ دفع اسقاط کے لیے یہ نسخہ بے حد مفید ہے۔

---

# ۳

کشتہ سنگجراحت ۱۰ تولہ۔ گیرو ۵ تولہ سفوف بنالیں۔ ۳۔ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ شربت انجبار یا عرق گاؤزبان اگر ہر دونوں میسر نہ ہوں تو پانی سرد کے ساتھ دیں

فوائد:۔ اجراء خون خواہ کسی وجہ سے ہو سو فیصدی مجرب ہے۔

---

# ۴ شربت انجبار

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ بیخ انجبار ۵ تولہ۔ برادہ صندل سرخ اصلی ۲ تولہ برادہ صندل سفید اصلی ۱۲ تولہ شکر سفید نیم سیر ہر سہ ادویہ کو ۲½ سیر پانی رات کو بھگو رکھیں۔ صبح جوشانا شروع کریں۔ جب پانی پونا سیر رہ جاوے۔ صاف کر کے شکر ڈال کر قوام درست کر لیں۔

ترکیب کشتہ:۔ سنگ جراحت ایک پاؤ سفید چکنا۔ سنگجراحت لے کر سفوف بنالیں اور مغز گھیکوار دو چند میں ملا کر سنبوچہ گلی آب نار سیدہ میں گلکمت کر کے ۵ اسیر اوپلوں کی آگ محفوظ ہوا جگہ میں دیویں۔ سرد ہو لے پر نکال کر پیس کر بحفاظت رکھیں

---

۵

سم الفار سفید ایک تولہ۔ زہرہ نہنگ یعنے گھڑیال نر ایک عدد میں کھرل کریں۔ اور حبوب لبقدر دانہ رائی بنا کر رکھ لیں ایک گولی در بالائی یا ہمراہ شیر تازہ ایک پاؤ کھلاویں

فوائد: رباہ اعلیٰ درجہ پیدائشی نامرد کے سوا سب کو مفید ہے تجربہ شدہ ہے،

غذا :۔ مرغن دودھ مکھن بہت کھاویں۔

# اکسیر ذیابیطس

از حکیم سعید احمد صاحب قریشی

اجزا اور ترکیب ساخت :۔ قلعی ۲ تولہ سیماب ۲ تولہ قلعی کو پگھلا کر سیماب میں ڈالیں کشتہ ہو جائے گی۔ باریک پیس کر علیحدہ رکھیں۔

مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ صدف اصلی ۲ تولہ عرق گلاب میں کھرل کر کے خشک کریں اور علیحدہ رکھیں۔

دانہ الائچی کلاں تولہ۔ پاہ سوختہ تولہ۔ کہربا شمعی تولہ کوٹ کر بہت باریک کریں اور تمام اجزاء ملا کر آدھ گھنٹہ اور کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

اور تینوں کو ملا کر شیشی میں رکھیں اور تینوں کو ملا کر شیشی میں رکھیں

ترکیب استعمال :۔ ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ تازہ پانی۔

فوائد:۔ شکر خواہ کتنی مقدار میں آرہی ہو۔ انسان روز بروز مضمحل ہو رہا ہو۔ پیشاب رات کو بیسیوں دفعہ آرہا ہو۔ پیاس کتنی شدت سے لگ رہی ہو اس اکسیر کا استعمال چند دنوں میں جملہ شکایات کا ازالہ کر کے سرخ خون پیدا کرنے لگ جاتا ہے لاغر مریضوں کو از سر نو زندگی کا لطف دکھا کر فربہ اور تنومند کرتا ہے۔

---

# بواسیر

از جناب حکیم محمد شبیر صاحب

اجزاء و ترکیب **ساخت**:۔ کچلہ مدبر تولہ۔ چاکسو تولہ۔ رسونت تولہ زنجبیل۔ فلفل سیاہ تولہ۔ باریک کوٹ چھان کر آب مولی و آب تارامیرا ہموزن میں گولیاں بقدر ۲ رتی بنائیں۔

**طریق استعمال**۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ تازہ پانی

فوائد:۔ بواسیر کے لئے اکسیر ہے خواہ خونی ہو یا بادی۔ گوشت نہ جملہ بادانگیز اشیاء سے احتراز۔

---

# قوت باہ

حکیم ملک محمد حیات صاحب تائب

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ شنگرف رومی ۲ تولہ ورق نقرہ ایک تولہ۔
دونوں اشیاء کو ڈنڈا کنفوہر کے پانی میں چار پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں جب خشک
ہوجائے تو زیرہ بالا ایک ایک برگ مدار رکھ کر بالو جنتر کی چار پہر کی آگ
سے کشتہ کرلیں ۔ اب کشتہ مذکو ایک تولہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب
۲ ماشہ۔ زعفران اصلی ایک تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔
موسیائی ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی چھ ماشہ۔ جدوار چھ ماشہ۔ مروارید محلول تین ماشہ
جندبیدستر تین ماشہ ان سب اجزا کو روح کیوڑہ میں تین پہر کھرل کر کے حبوب
بقدر دانہ جوار تیار کریں اور صبح نہار منہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیا
جاوے۔ اور ایام استعمال دوائی جماع اور ترشی سے پرہیز کیا جاوے ۔
تو خون صالح اور ہمت مردانگی پیدا ہوگی۔ اشتہا کی انتہا نہ ہوگی۔ قوت باہ
و حافظہ تیز ہوگی۔ غرضیکہ نہایت اکسیری چیز ہے۔
دوران استعمال دوائی غذا مرغن اور طاقتور استعمال کریں۔

# اکسیر ہیضہ

از جناب قاضی محمد سلطان صاحب

**اجزاء و ترکیب ساخت:**- طباشیر ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ زنجبیل ستو ۱۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ بادیان ایک تولہ۔ سوڈا بائی کارب ۱ تولہ۔ ٹاٹری ۶ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ۶ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ زہر مہرہ ۳ ماشہ۔ مشک کافور ۲ ماشہ۔ ست گلو ۲ ماشہ۔ ست پودینہ ۲ ماشہ۔ ست اجوائن ۲ ماشہ۔ مصری کالپی نصف سیر جملہ ادویہ کو بغیر ستوں و سوڈا بائی کارب و کالپی مصری کے پیس کر پارچہ بیز کریں۔ بعد ازاں کو بھی پارچہ بیز کریں۔ اور ستوں اور مشک کافور کو محلول کر کے ملا لیں۔ اس کے عرق پودینہ سے حبوب بقدر نخود تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:**- تقویت معدہ اور ہضم غذا کے لئے دو گولی صبح اور دو شام بعد از غذا اور ہیضہ کے لئے دو گولیاں ہر تین تین گھنٹہ کے بعد آب گرم سے کھلاویں۔

**فوائد:**- جملہ امراض معدہ کے لئے نافع چیز ہے۔

# حب حیات

از جناب سید عبد الغنی صاحب فرید آباد

میرا مایۂ ناز نسخہ ہے۔ سینکڑوں مریض اس سے شفایاب ہو چکے ہیں تقریباً آٹھ سال سے زیرِ تجربہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ زنجبیل۔ سوہاگہ۔ بہ رنگ کابلی۔ زرنباد۔ ہلیلہ سیاہ۔ املیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ۔ نمک سنگ۔ نمک طعام۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ گل مدار تمام ادویہ ہموزن عرق گلاب میں پیس کر حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

ترکیب استعمال :۔ بعد طعام دو گولیاں ہمراہ آب تازہ کھا لیا کریں

فوائد :۔ ہاضم طعام۔ مصلح معدہ۔ عظیم البطن۔ پیٹ پھولنے کے لئے اکسیر ہے۔ ورم جگر۔ سدہ جگر۔ عظم الکبد کے لئے نافع ہے۔

---

# ۲۔ حلوا مقوی

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ پنبہ دانہ کا مغز ؎ مار۔ عرق پیاز نرگس ،، مار زردی بیضہ مرغ ۵ عدد۔ بسباسہ ۱ مار۔ موصلی سفید ۱/۲ چھٹانک۔ موصلی سیاہ ۱/۲ پنبہ دانہ کو بریاں کر کے مغز نکال لیں۔ بسباسہ کو روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ باقی تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر بمعہ زردی بیضہ و قند سفید بطریق معروف حلوا تیار کریں

ترکیب استعمال:- ایک تولہ سے ۲ تولہ تک
فوائد:- مقوی باہ بے نظیر ہے۔

# ۳۔ طلاء ملذذ

اجزاء و ترکیب ساخت:- عروسک ۶ ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ ایک تولہ دونوں کو باریک پیس کر بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں۔ بعدہٗ سرگین بوزنہ نر خشک شدہ لے کر علیحدہ بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ بعد ازاں روغن بوزنہ ایک حصہ۔ روغن نبولہ مرکب ایک حصہ۔ مشک خالص ۳ حصہ۔ بیل کے پتہ کا پانی ۳ حصہ سب کو باہم کھرل کر کے مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال:- بوقت ضرورت قدرے عضو پر لگائیں۔

فوائد۔ ملذذ طرفین اور ممسک ہے۔

# تریاق نمونیا

از جناب حکیم غلام نبی صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت:- افیون مصفیٰ ۶ ماشہ۔ کشتہ سنگجراحت ۳ آتشہ شیر مدار میں تیار شدہ ۶ ماشہ۔ عطر گلاب درجہ اول تین ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ پیس کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ ایک گولی مریض کو بدرقہ مناسبہ دیں۔

فوائد۔ نمونیا کا مرض ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہو۔ آرام کی نیند سو جائے گا تمن سوزاہُد مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔

# برائے صرع

اجزاء وترکیب ساخت:۔ درخت مدار کا ڈنڈا خشک شدہ ۲ تولہ۔ سرگین گرگ ۲ تولہ آدمی کے سر کی کھوپڑی کی ہڈی ۲ تولہ۔ ٹکڑا کمبل کا جو کھٹمل کے خون سے تر کر کے خشک کیا گیا ہو۔ جلا کر اس کی راکھ ۲ تولہ تمام ادویہ کو باہم ملا کر خوب کھرل کریں کہ مانند نسوار ہو جائیں۔

ترکیب استعمال:۔ بقدر ایک رتی مریض کو صبح نسوار دیں سات روز تک استعمال کریں۔

فوائد:۔ مرگی کے لئے بے نظیر تحفہ ہے۔

# ۳۔ اکسیر معدہ

اجزاء وترکیب ساخت:۔ زیرہ سیاہ ۴ تولہ ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ ماشہ۔ مرچ ۷ ماشہ۔ دارچینی ۱۵ ماشہ۔ بورہ ارمنی ۱۵ ماشہ۔ شیرہ مربہ سونٹھ ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ شیرہ مربہ ہریڑ۔ کھنڈ سفید ۴ تولہ دو ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ شہد خالص ۴ تولہ ۲ ماشہ۔ بطریق معروف معجون تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک بعد از غذا۔ جملہ امراض معدہ کا واحد علاج ہے۔

## دُرِ مکنون

اجزاء وترکیب ساخت:۔ افیون ۳ ماشہ۔ سلاجیت عمدہ ۳ ماشہ۔ زعفران درجہ اول ۳ ماشہ۔ مشک خالص ماشہ۔ لونگ کلاہ دار ۳ ماشہ۔ مگھاں ۳ ماشہ جائفل ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ کر بامداد شہد حبوب بمقدار رتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی ہمراہ شیرہ تازہ کھالیا کریں۔

فوائد:۔ مقوی بدن۔ جریان۔ سرعت انزال۔ نامردی کے لئے تریاق اعظم ہے۔

## طاقت کی گولیاں

از جناب حکیم ایم۔ اے مجید خانصاحب

اجزاء وترکیب ساخت:۔ کونین ۲ تولہ۔ افیون ۳ تولہ۔ کستوری ۲ ماشہ زعفران ایک تولہ ورق نقرہ ۱۵ عدد۔ ورق طلا ۵۰ عدد۔ روح کیوڑہ ۱۵ تولہ تمام اشیاء کو باریک کر کے روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ اور گولیاں بمقدار دلنہ

مسور بنا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ علی الصباح ایک گولی ہمراہ شیر تازہ روزانہ کھلایا کریں

فوائد:۔ بے ضرر تجربہ شدہ طاقت کی بے نظیر گولیاں ہیں۔ دل دماغ جگر و اعصاب کو طاقت دیتی ہیں۔ اور ممسک ہیں۔

# درد گردہ

از جناب مولوی غلام علی منشی صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت۔ نوشادر دیسی۔ مرچ سیاہ۔ شورہ قلمی ہموزن کوٹ چھان کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ روزانہ صبح کو ایک ماشہ نیم گرم پانی سے نوش کرائیں

فوائد:۔ درد گردہ کو پندرہ منٹ میں بذریعہ ادرار بول تسکین دیگا بلکہ پتھری تک بھی مفید بلکہ اکسیر ہے

# اکسیر آتشک

از جناب محمد حسین صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ سم الفار سفید یک ۵ تولہ۔ سنگ جراحت ۲ تولہ سنگ بھبود ۲ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ۔ ریٹھا دریائی دو عدد ۲ تولہ۔ شنگرف رومی نہایت

اعلیٰ ہمراہ ۲ تولہ۔ ماسوائے نمبر ۵ تمام اشیاء مذکورہ کو باریک پیس کر رکھیں ۔
ایک عدد کوزہ گلی جس میں یہ تمام اشیاء مذکورہ آسکیں۔ پہلے نمبر ۱ پھر نمبر ۲
پھر نمبر ۳ پھر نمبر ۵ مگر نمبر ۵ کو جو کوب کر لیں۔ تاکہ آسانی سے رکھا جاسکا مابعد
از نمبر ۵ کے نمبر ۴، ۳، ۲، ۱ کو کوزہ میں اچھی بند کر کے خوب اچھی طرح دو عدد
کپڑ مٹی کریں۔ تاکہ ضائع ہونے کا احتمال نہ رہے۔ جب خشک ہو جائے۔
۳ آتش اوپلہ ۶ سیر پختہ دیں۔ سرد ہونے پر اکسیر نکالیں

ترکیب استعمال :- ۲ چاول ہمراہ ایک ماشہ قند سفید۔ و غذا نان
نخود مرغ بلا نمک صبح و شام دو وقت قند میں ۲ چاول ڈال کر اوپر سے
پانی سادہ پلادیں۔

آجتک بفضل خدا میرے پاس ایسا مریض نہیں آیا۔ جس نے دو
تین حکیم صاحبان و ڈاکٹر صاحبان کا علاج نہ کیا ہوگا۔ مگر بفضل خدا صحت
ہی اپنا شفا دکھاتی ہے۔ علاوہ ازیں سنجار پرسوت پر بھی اکسیر کا کام دیتا ہے خوراک
وہی ہے۔

نوٹ :- ایک ہفتہ کی قلیل مدت میں کہنہ از کہنہ مریض آتشک اس
سے نجات حاصل کریگا۔ کبھی ایسا بھی اتفاق ہوتا ہے کہ صرف چار خوراک سے
صحت ہو جاتی ہے۔ نہ مسہل کی ضرورت نہ ہی بے چینی ہوگی۔ غرضیکہ کسی قسم
کی تکلیف نہ ہوگی۔

# روغن مرکب

از جناب ولی محمد صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ لونگ تولہ۔ سنڈھ تولہ جائفل تولہ۔ گل سرخ تولہ پھل سپوتی تولہ۔ سورنجاں شیریں تولہ۔ بھلاوہ تولہ۔ اجوائن چہار ۴ تولہ۔ اندرجو تولہ۔ جلوتری تولہ۔ مال کنگنی تولہ۔ پھل دھاوا تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ رتن جوت تولہ۔ دارچینی تولہ۔ کچلہ تولہ۔ کتھ تلخ تولہ۔ میٹھا تیلیہ تولہ۔ سبز کنیر کی جڑ ۲ تولہ۔ بیخ تولہ اگر سیل ۱۰ تولہ۔ بنفشہ تولہ۔ بیخ مدار تولہ۔ حرمل خشک تولہ۔ کوٹنے والی اشیاء کوٹ کر چار حصہ پانی ڈال دیں۔ اور تین دن اندر رکھ چھوڑیں۔ چوتھے دن آگ پر جوش دیں۔ جب ایک حصہ پانی رہ جائے تین حصہ دوا کے وزن کے مطابق تیل کنجد ڈال کر پکاویں۔ جب تیل رہ جائے نیچے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھر لیں۔ اور کام میں لاویں۔

نوٹ:۔ دواؤں کو پانی میں ابال کر پھر چھان کر تیل میں ملا دیں اور دعا خیر سے یاد فرما دیں

فوائد:۔ درد ریحی۔ درد گنٹھیا۔ رینگن۔ ذات الجنب۔ عرق النساء۔ چوٹ کی درد۔ فالج، لقوہ۔ مقوی اعصاب

ترکیب استعمال:۔ تھوڑا سا تیل لے کر قریب ایک تولہ کے ۲ تولہ روغن کنجد میں ملا کر استعمال کریں۔ سردی سے پرہیز کریں۔

# ۲۔ نسخہ حبوب

اجزاء وترکیب ساخت :۔ مٹھا تیلیہ ایک تولہ کو پانچ سیر شیر بھینس میں مدبر کرلیں۔ بعدہ ۹ ماشہ شنگرف رومی تین ماشہ۔ سم الفار سفید دونو کو مثل سرمہ کرلیں پھر مٹھا تیلیہ ملا خوب پیس لیں۔ پھر مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ لگھاں ۳ ماشہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ ست لیموں ۳ ماشہ باریک پیس کر مثل سرمہ اس میں شامل کریں۔ اور پھر پانی خالص ڈیڑھ پاؤ۔ اور پانی خالص ڈیڑھ پاؤ ان میں آہستہ آہستہ کھرل کریں۔ بعدہ گولی ۳۶۰ باندھیں۔

فوائد :۔ دردرہی۔ درد گنٹھیا۔ کمی خون۔ کمی باہ۔ آتشک کے بعد کی نامردی عرق النساء۔ مصفی خون۔ مقوی معدہ کے لئے نافع ہے۔

ترکیب استعمال۔ عرق سونف یا گرم پانی۔ عرق مکو۔ عرق گاؤزبان مناسب خیال کرکے دیں۔

# اکسیر الاجسام

اجزاء وترکیب ساخت :۔ تنکار ۳ تولہ۔ زرمچ سفید ۲۰ تولہ۔ عقاب معدنی ۲ تولہ۔ قتال ابیض ۲ تولہ۔ ادویات ہذا کو جدا جدا نہایت باریک پیس کر باہم ممزوجہ کریں۔ بعدازاں سرکہ انگوری نیم پاؤ۔ آب لیموں نیم پاؤ۔ دونوں آبوں کو آپس میں خلط کریں۔ اور ادویات مرقوم بالا میدہ شدہ کو اچھی طرح سے حل کرکے رکھ

دیں۔ پھر ایک ڈبل پیس لیجئے۔ اور خوب اچھی طرح مجمہ میں تفتہ کر کے آب مذکورہ میں ڈالتی رہیں۔ علیٰ ہٰذا القیاس عمل ہٰذا کو پچاس دفعہ سرد کریں۔ مگر پانی بار بار تجدید کرنا چاہیئے۔ پارہ تولہ۔ قلعی تولہ۔ قلعی کو گلا کر پارہ داخل کریں پھر اتار کر خوب پیس۔ جس وقت خوب پیس جاویں۔ تو شنگرف ماشہ۔ رسکپور ۱۰ ماشہ۔ دار چکنہ ۱۰ ماشہ۔ ہڑتال ۱۰ ماشہ ان کو بھی فرادمشتری کر کے ساتھ ڈال کر پیستے رہیں۔ پھر قدرے آب آدرک ڈال کر کم از کم ایک گھنٹہ روزوار ہاتھوں سے کھرل کرتے رہیں۔ اور ایک ضماد تیار کریں۔ اور پیسہ مذکور کے زیر و بالا لیپ کریں۔ اور سایہ میں خشک کر دیویں۔ بعد ازاں اجوائن خراسانی بذر البنج چھ تولہ سے کر کرٹ کر میدہ کی طرح بنا دیں اور ۳ تولہ شیر چشمہ حیات ڈال کر کھرل کریں۔ اب ایک خورد کھٹالی لے کر اجوائن جو کہ شیر عشرہ میں کھرل کیا گیا ہے۔ زیر و بالا یعنے فرش و لحاف کریں۔ اور پیسہ درمیان رکھیں اور خوب گل حکمت کر کے ہوا سے بچا کر نفس اتار پانچ دشتنی کی آگ دیں انشاء اللہ پھولا ہوا کشتہ مثل چونا برآمد ہوگا۔ اب اکسیر الاجسام تیار ہے

ترکیب استعمال:۔ مسکہ میں یا تیماق کے اندر کھلائیں خوراک صرف آدھ چاول

فوائد:۔ نامردی۔ وجع المفاصل۔ نقرس۔ عرق النسا، آتشک وغیرہ عجیب العلاج بیماریوں کا شرطیہ علاج ہے۔ میرا مجرب المجرب ہے

# اکسیر چشم

از جناب حکیم گوڑیال سنگھ صاحب

اجزاء و ترکیب ساخت :- سنگ بصری - زنگار - گوندکیکر ہموزن لے کر خوب باریک کھرل کریں - بعد پودینہ سبز لے کر خوب دھولیں - کہ مٹی وغیرہ سے پاک ہو جائے - پھر اسے کوٹ کر رس حاصل کریں - ذرا پڑا رہنے دیں کہ گاد نیچے بیٹھ جاوے اوپر سے نترا ہوا رس مندرجہ بالا دوائی میں اتنا ڈالیں کہ وہ انگل اوپر تر آوے بعدہ کھرل کریں رخشک ہو جاویں - اسی طرح دو دفعہ اور بھی اس ترکیب سے کھرل کر کے خشک کردیں کہ کل تین دفعہ ہو جائے بعدہ حسب منشا نبیاں تیار رکھیں -

ترکیب استعمال :- بوقت ضرورت پانی یا گلاب میں کسی لوہے کی چیز پر گھسا کر آنکھ میں ڈالیں

فوائد :- آنکھ دکھنے کو ایک دن میں صحت دیتی ہے - ککرہ - چشم وغیرہ کے لئے کامل تریاق ہے -

# اکسیر جدید

اجزاء و ترکیب ساخت :- دھتورا کے بیج ۹ ماشہ - سونٹھ ۲ ماشہ - جائفل ۲ ماشہ - زعفران ۳ ماشہ - ریوند خطائی ۴ ماشہ - شہد حسب ضرورت

ضرورت پہلے ہر ایک چیز کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر نہایت باریک کریں۔ پھر ماکھی اور زعفران اور وہ تمام ادویہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ کہ شکل مرہم کے ہو جائے پھر اس کو ڈبہ میں رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال۔ دو چاول سے ایک رتی تک۔

فوائد:۔ آتشک۔ سوزاک۔ نامردی۔ گنٹھیا۔ ذات الجنب نامردی جریان۔ امساک وغیرہ اس کو کامل حکیم کئی مرضوں پر چلا سکتا ہے۔

---

# امساک

اجزا و ترکیب ساخت:۔ کستوری۔ عنبر۔ کونین سفید۔ مارفیا۔ اسٹرکینا ہموزن گولی مونگ برابر بنا دیں مجرب ہے۔

---

# ملیریا

دونیا۔ چوتھا بخار روکنے کے لئے اکسیر ہے۔ جب آنے کا وقت ہو اس ۲/۱ گھنٹہ پہلے کھلا دیں۔ کوڑیاں۔ پھٹکڑی سفید بریاں

خوراک:۔ ایک ماشہ

---

# فہرست


| ادویات | صفحہ | ادویات | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| قیامت | ۳ | احمرین | ۱۹ |
| اکسیر لاثانی | ۵ | بواسیری | ۲۰ |
| طلاء اسراری | ۶ | تریاق ذات الجنب | ۲۰ |
| تریاق چشم | ۷ | درمکنون | ۲۲ |
| پائیوریں | ۸ | حب اعجاز | ۲۳ |
| جریانول | ۸ | پتھر توڑ | ۲۴ |
| بخارین | ۹ | کشتہ کانچ | ۲۵ |
| ترکیب عرق کافور | ۱۰ | طلاء لاثانی | ۲۷ |
| خنازیری | ۱۰ | نسخہ مقوی باہ ممسک | ۲۸ |
| راحتی | ۱۱ | ٹانک پلز | ۲۹ |
| تریاق | ۱۲ | اکسیر جریان | ۲۹ |
| جادو | ۱۳ | طلاء | ۳۰ |
| گونورول | ۱۴ | طاقت کی لاثانی دوا | ۳۱ |
| کشتہ کوڑی نیلا تھوتھا والا | ۱۵ | نسخہ طلاء | ۳۲ |
| شفاء | ۱۶ | کشتہ تانبا | ۳۲ |
| طلسمین | ۱۶ | مقوی باہ | ۳۳ |
| تریاقی | ۱۷ | مقوی باہ | ۳۴ |

| ادویات | صفحہ | ادوت | صفحہ |
|---|---|---|---|
| نسخہ ہنس | ۳۵ | تریاق نمونیا | ۴۶ |
| قطع ستہ | ۳۶ | صرع | ۴۷ |
| کالی کھانسی | ۳۶ | اکسیر معدہ | ۴۷ |
| پیچش | ۳۷ | درمکلنون | ۴۸ |
| ریگن | ۳۸ | طاقت کی گولیاں | ۴۸ |
| شعیرہ | ۳۹ | درد گردہ | ۴۹ |
| شربت انجبار | ۴۰ | اکسیر آتشک | ۴۹ |
| اکسیر ذیابیطس | ۴۱ | روغن مرکب | ۵۱ |
| بواسیر | ۴۲ | نسخہ حبوب | ۵۲ |
| قوت باہ | ۴۳ | اکسیر الاجسام | ۵۲ |
| اکسیر سفیہ | ۴۴ | اکسیر چشم | ۵۴ |
| حب حیات | ۴۵ | اکسیر جدید | ۵۴ |
| حلوا مقوی | ۴۵ | امساک | ۵۵ |
| طلاء ملذذ | ۴۶ | ملیریا | ۵۵ |


پی ڈی ایف تیار کردہ: حکیم محمد ارشد شاہین لاہور

# افادات جمیل حصہ اول / دوم

رئیس الاطباء فخر حکمت مسیح الزمان عالیجناب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل مدیر طبیب حاذق کے افادات متبرکہ کو پیش کیا جارہا ہے ۔ سر سے لے کر پاؤں تک علی الترتیب عسر العلاج امراض جن کے علاج سے ہزاروں طبیب عاجز آ گئے تھے ۔ بہت خوبی سے حضرت موصوف کے دست شفا اور خداداد ذہانت سے صحتیاب ہوئے ۔ اس کتاب میں نسخہ جات من وعن بیان کئے گئے ہیں ۔ بہترین نسخہ جات اور اکسیری مجربات کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے جو خدمت عالیہ میں پیش کیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ عالیجناب سید جیلانی صاحب جبردی کی قلم سے حکیم صاحب ممدوح کی داستان حیات افروز آپ کے اخلاق واوصاف کی مختصر سوانح اطباء طبی تجربوں کا تذکرہ کیا گیا ہے ۔ جن کے باعث آج طبی دنیا آپ کی ممنون احسان ہے ۔ جن حضرات نے یہ کتاب دیکھی اور فوراً یہ رائے دے دی کہ یہ چیز بطور تعویذ ہر طبیب کو اپنے پاس رکھنی چاہیئے ۔ (دوم زیر طبع ہے)

قیمت ہر دو جلد تین روپے

## ملنے کا پتہ

# ادارہ طبیب حاذق گجرات

صدری مجربات واکسیر اعمال کی تراکیب کا لاجواب خزانہ

# تحفۃ الاطباء

اس کتاب میں پانچ طبی بیاضوں کے کیمیاوی واکسیری اعمال کی تراکیب آسان طریقہ سے کھول کر بیان کی گئی ہے۔ جو کہ حکیم صاحب موصوف کی بخل شکنی کا مسلمہ ثبوت ہے۔ اس کے علاوہ کئی مشاہیر الاطباء کے سینہ کے راز تیر بہدف اور کبھی خطا نہ جانے والے بہترین مجربات بھی حوالہ کتاب کئے گئے ہیں۔

## کیمیاوی اعمال اور مجربات

کا ایک سمندر ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے۔ کاغذ۔ چھپوائی و لکھوائی نہایت عمدہ ہے۔

قیمت فی جلد ۲ روپے

ملنے کا پتہ

# ادارہ طبیب حاذق گجرات پاکستان

مجربات کالاثانی مجموعہ

# مجربات جمیل

قبلہ حکیم صاحب مصنف مذکورہ کتب طبیہ کے تازہ ترین خدمت مجربات کا ایک مجموعہ جو بطور سالنامہ ۱۹۴۸ء میں پیش ہوا تھا اس میں صرف وہی مجربات مندرج ہیں۔ جو ۱۹۴۶ء میں زیر تجربہ رہے۔ اور جن سے ہزاروں بندگان صحت یاب ہوئے ان کے سو فیصدی مجرب ہونے کے بعد ان کو کتابی شکل میں شائع کیا گیا۔

زیر طبع

قیمت ۲ روپے

ملنے کا پتہ

ادارہ طبیب حاذق گجرات

# طبی صندوقچہ

سر سے لے کر پاؤں تک کی جملہ امراض کے تیر بہدف مجربات کا لاجواب ذخیرہ۔

علاوہ ازیں مشاہیر زمانہ اطباء کے مخصوص طبی صندوقچہ کے نسخہ جات۔ مثلاً حکیم عبد العزیز۔ حکیم مولوی عبد الجبار صاحب حکیم مولوی عبد الشکور صاحب کے طبی صندوقچہ میں نسخہ جات درج ہیں۔ نیز دار العلاج کے مشہور مقبول طبی صندوقچہ کے مفصل اور مکمل نسخے بمعہ تراکیب تیاری اور فوائد اور ترکیب استعمال وغیرہ درج ہیں۔ حجم ایک صد صفحات کی یہ لاجواب کتاب ہے۔

قیمت دو روپے پچاس پیسے

ملنے کا پتہ

## ادارہ طبیب حاذق گجرات پاکستان

# آبحیات کی بارش

جس طرح آب حیات کی ہر بوند صحت و شفا کی مخزن ہوتی ہے اسی طرح شاہی بیاض کے ہر نسخہ میں صحت و شفا کا ایک سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔

شاہی بیاض اپنی طرز کی واحد کتاب جس کا ہر نسخہ سو فی صدی مجرب کہلانے کا مستحق ہے۔

شاہی بیاض اسم بامسمٰی اور مخزن شفا ہے

شاہی بیاض:۔ اطباء ہند و پاک کے ان صدری رازوں اور مجربات کی حامل ہے۔ جن کو وہ سینے سے علیحدہ کرنا گناہ سمجھتے تھے۔

اگر کوئی کتاب یونانی طب کا مستند فارما کوپیا کہلانے کی مستحق ہے تو وہ یہی ہے۔

شاہی بیاض میں ایک ہزار سے زائد بہترین نسخہ جات درج ہیں شاہی بیاض بلا مبالغہ جز و جان بنانے کے قابل ہے۔

حجم بڑے سائز کے ڈیڑھ صد صفحات قیمت ۳ روپے۔

## ادارہ طبیب حاذق گجرات پاکستان

# راز الاطباء

## صدری راز کا ایک بے بہا مجموعہ

اس کتاب میں ان مجربات کو جگہ دے دی گئی ہے۔ جن کو اطباء کسی صورت بھی ظاہر کرنے کو تیار نہیں ہوتے۔ گویا یہ ان کے صدری راز کا ایک بہا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب اپنے نسخہ جات کے لحاظ سے کوئی ثانی نہیں رکھتی

قیمت فی جلد ۲ روپے

ملنے کا پتہ

## ادارہ طبیب حاذق گجرات

# اکسیرات جمیل :- اکسیری مجربات کی لاجواب کتاب

جذبہ خدمت فن کے تحت حکیم صاحب قبلہ نے اپنی ان اکسیرات کو جو کئی سال سے آپ کے زیر ہدایت مہربان دار التجارب اور بہی خواہان طب یونانی کے زیر استعمال رہے ۔ وہ اکسیری کشتہ جات جن کو تجربہ کی کسوٹی پر پرکھنے کے بعد بخل دور کر کے اطباء کے سامنے رکھا جا رہا ہے ۔ اکسیری مجربات جن کی مثال بیشتر ازیں طبی برادری کے پاس نہیں ہے ایسے اکسیری نسخے جو کوڑیوں سے تیار ہو کر جواہرات اثر رکھتے ہیں۔ اور اثرات کے لحاظ سے وہ تیر بہدف ہیں ۔ وہ اکسیری اعمال کے لیے بہوسین طب مارے مارے پھرتے ہیں ۔ اور جن کے ساتھ تیر بہدف کا لفظ علیٰ موزوں ہے ۔ وہ اکسیری جواہرات جن کا ایک نسخہ جواہرات سے تولنے کے قابل ہے ۔ اور سالہا سال سنیاسیوں کی خدمت کے بعد بھی حاصل نہیں ہوتے ۔ سب سے بڑھ کر ہندو پاک کے مایہ ناز طبیب اعظم حضرت قبلہ حکیم محمد عبد الرحیم جمیل مدظلہ، مالک دواخانہ دار العلاج و مدیر طبیب حاذق مہتمم دار التجارب کے خاص مجربات، نسخہ جات بھی آ گئے ہیں ۔ سینکڑوں اطباء کرام کے مصدقہ نسخہ جات، کشتہ جات کی لاجواب کتاب

قیمت ۲ روپے ۵۰ پیسے ۔

## ادارہ طبیب حاذق گجرات پاکستان



PDF
تیار کردہ
حکیم ایم ارشد شاہین لاہور